Maulana Azad National Urdu University

Department of Economics

UG Programme

II Semester Examination, April/May 2024

Course Code : **BNEC201DET**

Subject: **Demography**

Total Marks: 35 Time: 2 Hours

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے : حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم -ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے -

1. **حصہ اول** میں 5 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/خالی جگہوں پر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں ہر سوال کا جواب لازمی ہے ہر سوال کے لیے 1 نمبر ہے
(1x5=5 marks)

2. **حصہ دوم** میں 8 سوالات ہیں،اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (100) لفظوں پر مشتمل ہو۔
ہر سوال کے لیے 4 نمبرات مختص ہیں۔ (5x4=20 marks)

3. **حصہ سوم** میں 2 سوالات ہیں،اس میں سے طالب علم کو کوئی ایک سوال کا جواب دینا ہے۔سوال کا جواب تقریبا (250) لفظوں پر مشتمل ہو۔
سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (1x10=10 marks)

---

## حصہ اول

**1. سوال**

I. ایک ملک کو آبادیاتی نفع (Demographic Dividend) کب حاصل ہوتا ہے؟

A. جب کل آبادی میں کام کرنے والی آبادی (Working Population) کا حصہ کم ہو۔

B. جب کل آبادی میں کام کرنے والی آبادی کا حصہ زیادہ ہو۔

C. جب کل آبادی میں کام کرنے والے اور کام نہ کرنے والے برابر ہو۔

D. جب کل آبادی میں کام نہ کرنے والی آبادی (Non-Working Population) کا حصہ زیادہ ہو۔

II. 2011 کے مردم شماری (Census) کے مطابق ہندوستان میں جنس کا تناسب (Sex Ratio) کتنا تھا؟

A. 943

B. 942

C. 940

D. 950

III. عام طور پر عورتوں کی عمر خصوبہ(childbearing age) ------------------ ہوتی ہے۔

A. 15 سے 50 سال

B. 14 سے 49 سال

C. 14 سے 50 سال

D. 15 سے 49 سال

IV. آبادی کا منتقلی نظریے (Theory of Demographic Transition) میں آبادی کا دھماکہ (Population Explosion) کونسے مرحلے(stage) کو کہا گیا ہے؟

A. پہلا مرحلہ

B. دوسرا مرحلہ

C. تیسرا مرحلہ

D. چوتھا مرحلہ

V. عمر رسیدہ آبادی(Population Ageing) کے تصور میں کل آبادی میں ------------------ زیادہ ہوتے ہیں۔

A. بچے۔

B. نوجوان۔

C. بوڑھے۔

D. اوپر دیے گئے سبھی۔

## حصہ دوم

2. آبادیات(Demography) کو واضح کیجیے۔

3. آبادیات کے موضوعات (Subject Matters) کو مختصراً بیان کیجئے۔

4. آبادی کے تخمینے(Population Projection) کو واضح کیجیے۔

5. آبادی کے اعداد شمار کے مختلف ذرائع (sources of demographic data) کو مختصراً بتائیں۔

6. آبادی اور معاشی ترقی(Population and Economic Development) کو مختصراً واضح کیجیے۔

7. بچوں کی شرح اموات(Infant Mortality rate) کو واضح کیجیے۔

8. جنس کے تناسب(Sex Ratio) کو متاثر(Determinant) کرنے والے کوئی دو عوامل کو مختصراً بیان کیجیے۔

9. عمر کی ساخت(Age Structure) اس تصور کو واضح کیجیے۔

## حصہ سوم

10. مالتھس کے نظریہ آبادی کو مفصل بیان کریں

11. مخصوص عمر کی شرح پیدائش(Age Specific Fertility Rate) اور کل شرح پیدائش(Total Fertility Rate) تصورات کو واضح کرتے ہوئے مندرجہ ذیل جدول میں دی ہوئی معلومات کی بنا پر ASFRاور TFR کی پیمائش کر کے ان کی وضاحت کیجیے۔

| عمر گروپ | عورتوں کی آبادی | بچوں کی پیدائش |
|---|---|---|
| 19-15 | 50000 | 1000 |
| 24-20 | 60000 | 7000 |
| 29-25 | 45000 | 8000 |
| 34-30 | 40000 | 5000 |
| 39-35 | 30000 | 900 |
| 44-40 | 25000 | 100 |
| 49-45 | 20000 | 50 |